**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 02.03.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | رمضان صبر تقوی اور ایثار کا مہینہ وفاق میں بلوچستان کا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائیگا، وزیر اعلیٰ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 02 | صوبے کے قدیم کیٹل فارم کو جدید خطوط پر استوار کریں گے، میر فیصل جمالی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 03 | ماہ صیام تزکیہ نفس وتقوی یہ قریب الٰہی حاصل کرنے کا بہترین موقع ہے، صوبائی وزراء۔ | انتخاب حب ودیگر اخبارات |
| 04 | ذاکر بلوچ کالج میں سائنسی نمائش قابل تحسین ظہور بلیدی۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 05 | رمضان المبارک میں غریبوں اور یتیموں کا خاص خیال رکھنا چاہیئے، نور محمد دمڑ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 06 | پریس کلب داخل ہونے پر کوئی اہلکار ملوث پایا گیا تو کارروائی ہوگی ترجمان محکمہ پولیس۔ | مشرق ودیگر اخبارات |
| 07 | کوئٹہ انتظامیہ کی زیر نگرانی پرائس کنٹرول کمیٹی کی کارروائیاں۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 08 | سرکاری اداروں کی انتظامیہ اور بورڈ ممبران کا اثاثے ظاہر کرنے کی ہدایت۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 09 | ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر تمام مسائل کو حل کیا جائے گا، آئی جی ایف سی ساؤتھ۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 10 | مسجد کے مسائل فوری حل کیے جائیں گے، ایڈیشنل ڈی سی۔ | انتخاب ودیگر اخبارات |
| 11 | تاجروں اور عوام کے خلاف مقدمہ سردار اختر مینگل نے احتجاجاً گرفتاری دیدی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 12 | تو تک میں مسلح جتھوں کی برداشت نہیں کرینگے، پرنس محمد احمد زئی۔ | جنگ ودیگر اخبارات |
| 13 | جمہوریت کا کوئی اثر دکھائی نہیں دیتا سڑکوں اور پہاڑوں پر مزاحمت کرنیوالیوں کیلئے دعاگو ہوں، اختر مینگل۔ | جنگ ودیگر اخبارات |

## امن وامان:

کوئٹہ آن لائن فراڈ میں ملوث گروہ کے 2 کارندے پنجاب سے گرفتار، لسبیلہ پولیس کی مختلف کارروائیوں میں کار شہزور اور موٹر سائیکل برآمد، قلعہ عبداللہ گھریلو تنازع پر چچا نے بھتیجے کو چھرا گھونپ دیا، مستونگ میں لویز چوک پر حملہ ایک اہلکار زخمی، پولیس کا کوئٹہ کلب پر دھاوا 3 ایس بی کے امیدوار گرفتار، خضدار جمعیت کے مرکزی رہنماء اوران کا ساتھی قتل، گاڑی سے چرس برآمد منشیات فروش گرفتار۔

## عوامی مسائل:

وزیر اعلیٰ پریس کلب میں پولیس کے داخلے کا نوٹس لیں بی یو جے کوئٹہ پریس کلب، شاہراہوں کی بحالی کا حکومتی اعلان دعوؤں تک محدود دھرنے جاری رہے، کوئٹہ عمر روڈ قلا تا سٹریٹ ہدہ اور گردونواح میں صفائی کی ابتر صورتحال، کوئٹہ قصاب مذبح کی بجائے دکانوں میں جانور ذبح کرنے لگے متعلقہ حکام خاموش۔

CamScanner

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 02.03.2025

**اداریہ:**

وزنامہ میزان کوئٹہ نے "**لوکل گورنمنٹ کے نظام کو مضبوط بنانے کے اقدامات !**" کے عنوا سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ لوکل گورنمنٹ کے اداروں کی موجودگی اوران کا فعال ہونا بلاشبہ معاشرے کی اہم ضرورت ہے۔کیونکہ یہ بنیادی ادارے ہوتے ہیں جوعوام کے مسائل حل کرنے میں اہم کردارادا کرتے ہیں۔اس لیے ان کی فعالیت بہت ضروری ہے جوکہ اکثر بدقسمتی سے غیر فعال ہیں۔وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لوکل گورنمنٹ کے نظام کو مضبوط اور با اختیار بنانے کے لیے حکومت ٹھوس اقدامات کر رہی ہے تا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ہم نے مقامی حکومتوں کے فنڈز میں 33 ارب روپے تک اضافہ کیا ہے تا کہ ترقیاتی منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جاسکے۔ہماری کوشش ہے کہ ترقیاتی بجٹ میں اضافے کے ساتھ ساتھ غیر ترقیاتی اخراجات پر بھی قابو پایا جائے تا کہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے زیادہ سے زیادہ شروع کئے جاسکیں۔بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت ایک منظم حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔اس مقصد کے لیے بے نظیر بھٹو سکالرشپ پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے جس کے حت میرٹ پر آنے والے طلبہ کو تعلیمی موقع فراہم کئے جارہے ہیں۔

**اداریے:**

**مضامین:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**بلوچستان میں ریسکیو مراکز قیام کیلئے وفاقی وزیر جام کمال کی خدمات**" کے عنوان سے عبدالواحد اے ڈی ڈی جی پی آر کا مضمون تحریر کیا ہے۔

**برائے ڈائریکٹر جنرل**
**نظامت تعلقات عامہ بلوچستان**

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 1

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

BC-L-1

بانی میر خلیل الرحمٰن

قیمت 35 روپے

جلد 54 | اتوار یکم رمضان المبارک 1446ھ 2 مارچ 2025ء | نمبر 61


رمضان صبر، تقویٰ اور ایثار کا مہینہ

# وفاق میں بلوچستان کا مقدمہ مؤثر انداز میں پیش کیا جائیگا، وزیراعلیٰ

## عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرینگے، وفاقی پی ایس ڈی پی میں پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کی آمد پر پوری قوم بالخصوص اہل بلوچستان کو مبارکباد پیش کی ہے، اپنے پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ رمضان صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، جو ہمیں خود احتسابی اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کا درس دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہے اور اس مقدس مہینے میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی، قیمتوں کی نگرانی اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ضرورت مندوں کی مدد کے لئے آگے بڑھیں تاکہ رمضان کی رحمتیں سب کے لئے یکساں طور پر میسر آسکیں، سرفراز بگٹی نے اس موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت مہینے کے طفیل ہمیں امن، ترقی اور بھائی چارے کی راہوں پر گامزن رکھے اور بلوچستان کو خوشحالی و استحکام عطا فرمائے۔

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس ہفتہ کو یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا، اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی۔ وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کئے جائیں جو قابل عمل ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں، وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاق میں صوبے کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں، صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لئے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں۔



کوئٹہ: وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 2


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 اتوار یکم رمضان المبارک 1446ھ 02 مارچ 2025ء صفحات 24 شمارہ 245

رجسٹرڈ BC-m-13 Email. mashriqqta2008@gmail.com PTCL 081-2827345 081-2827344 قیمت 35 روپے


# بلوچستان میں صرف ان ترقیاتی اسکیموں کو ترجیح دینگے جس کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں، سرفراز بگٹی

**وفاق میں بلوچستان کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائے گا، بلوچستان کے عوام کی فلاح و بہبود ترجیحات میں سرفہرست ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان**

**حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں**

**اعلیٰ سطحی اجلاس، وزیر اعلیٰ کو آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی گئی**

**رمضان المبارک کے مقدس مہینے میں اشیائے خورد و نوش کی تسلسل سے فراہمی، قیمتوں کی نگرانی اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا، وزیر اعلیٰ کی حکام کو ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس ہفتہ کو یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کیے جائیں جو قابل عمل ہوں۔ انہوں نے ہدایت...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کی کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاق میں صوبے کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں۔۔ دریں اثناء ۔وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کی آمد پر پوری قوم بالخصوص اہل بلوچستان کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ رمضان صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، جو ہمیں خود احتسابی اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور اس مقدس مہینے میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی، قیمتوں کی نگرانی اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ضرورت مندوں کی مدد کے لیے آگے بڑھیں تاکہ رمضان کی رحمتیں سب کے لیے یکساں طور پر میسر آسکیں میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت مہینے کے طفیل ہمیں امن، ترقی اور بھائی چارے کی راہوں پر گامزن رکھے اور بلوچستان کو خوشحالی و استحکام عطا فرمائے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی پی ایس ڈی پی 2025/26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

روزنامہ ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 80 | اتوار، یکم رمضان المبارک، 2 مارچ 2025ء، صفحات 8 قیمت 40 روپے


## قوم کو رمضان کی مبارکباد وفاقی PSDP میں پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے، وزیراعلیٰ

صوبے میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے، اجلاس سے خطاب

رمضان صبر و تقویٰ اور ایثار کا مہینہ جو خود احتسابی اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کا درس دیتا ہے، پیغام

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل (باقی صفحہ 5 نمبر 45)



وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کیے جائیں جو قابل عمل ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاق میں صوبے کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کی آمد پر پوری قوم بالخصوص اہل بلوچستان کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ رمضان صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، جو ہمیں خود احتسابی اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور اس مقدس مہینے میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی، قیمتوں کی نگرانی اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ضرورت مندوں کی مدد کے لیے آگے بڑھیں تاکہ رمضان کی رحمتیں سب کے لیے یکساں طور پر میسر آسکیں میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت مہینے کے طفیل ہمیں امن، ترقی اور بھائی چارے کی راہوں پر گامزن رکھے اور بلوچستان کو خوشحالی و استحکام عطا فرمائے۔


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
قیمت 30 روپے
صفحات
جلد نمبر 32 | بروز اتوار 2 مارچ 2025ء بمطابق یکم رمضان المبارک 1446ھ | شمارہ نمبر 61

# وفاقی پی ایس ڈی پی میں پسماندہ علاقوں کو ترجیح دی جائے، میر سرفراز بگٹی

آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کئے جائیں جو قابل عمل ہوں، ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جس کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں

بلوچستان میں مواصلات رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے، وفاق میں صوبے کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائے گا

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس ہفتہ کو یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر

بقیہ نمبر 47 صفحہ 5 پر

خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کیے جائیں جو قابل عمل ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاق میں صوبے کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی پی ایس ڈی پی سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

Daily AZADI Quetta

روزنامہ آزادی کوئٹہ

بانی صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | اتوار 02 مارچ 2025ء بمطابق یکم رمضان المبارک 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-61


وزیراعلیٰ بلوچستان

# وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائیگی

وفاق میں صوبے کی تعمیر وترقی سے متعلق اپنا مقدمہ مؤثر انداز میں پیش کیا جائے گا، عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں

مواصلاتی رابطوں کی بہتری، آبپاشی کے منصوبوں کو جلد مکمل، ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں

صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس ہفتہ کو یہاں (بقیہ نمبر 19 صفحہ نمبر 2 پر)

وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی وترقیات میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی وترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور وزیراعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی وترقیات نے آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کیے جائیں جو قابل عمل ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاق میں صوبے کی تعمیر وترقی سے متعلق اپنا مقدمہ مؤثر انداز میں پیش کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 آتوار 02 مارچ 2025ء بمطابق یکم رمضان 1446ھ قیمت 20 روپے شمارہ 61

# وفاق میں بلوچستان کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کرینگے، میر سرفراز بگٹی

وزیراعلیٰ بلوچستان کی زیرصدارت وفاقی پی ایس ڈی پی کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس منعقد، وزیر منصوبہ بندی چیف سیکرٹری، سیکرٹری خزانہ سمیت اعلیٰ حکام کی شرکت

**وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور وہی ترقیاتی سکیمات منتخب کی جائیں جن کے اثرات عوام تک پہنچیں، وزیراعلیٰ**

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیرصدارت وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس ہفتہ کو یہاں وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں پر بریفنگ دی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کیے جائیں جو قابل عمل ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاق میں صوبے کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ موثر انداز میں پیش کیا جائے گا وزیراعلیٰ نے کہا کہ عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں۔



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی پی ایس ڈی پی 26-25 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 7

DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

بانی: سید فصیح اقبال — رجسٹرڈ نمبر بی سی۔زیڈ 1

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

| جلد 80 | اتوار 2 مارچ 2025ء یکم رمضان 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 61 |
|---|---|---|---|---|


## وزیر اعلیٰ بلوچستان

# صوبے کی تعمیر و ترقی وفاق میں اپنا مقدمہ مؤثر انداز میں پیش کریں گے

### عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے

### رمضان صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، جو ہمیں خود احتسابی اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کا درس دیتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی زیر صدارت وفاقی پی ایس ڈی پی 2025-26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق جائزہ اجلاس ہفتہ کو یہاں وزیر اعلیٰ سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات میر ظہور احمد بلیدی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری منصوبہ بندی و ترقیات حافظ عبدالباسط، سیکرٹری خزانہ عمران زرکون اور وزیر اعلیٰ کے پرنسپل سیکرٹری بابر خان سمیت دیگر متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات نے آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں

### زراعت، آبپاشی، آبنوشی، مواصلات، توانائی اور صحت سمیت دیگر شعبوں کے مجوزہ ترقیاتی منصوبوں

پر بریفنگ دی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئندہ وفاقی ترقیاتی پروگرام میں ایسے صوبائی منصوبے شامل کیے جائیں جو قابل عمل ہوں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ وفاقی پی ایس ڈی پی میں صوبے کے پسماندہ اضلاع کو ترجیح دی جائے اور ترقیاتی اسکیمات وہی منتخب کی جائیں جن کے براہ راست ثمرات عوام تک پہنچیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں مواصلاتی رابطوں کی بہتری اور آبپاشی کے منصوبوں کی جلد تکمیل ضروری ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وفاق میں صوبے کی تعمیر و ترقی سے متعلق اپنا مقدمہ مؤثر انداز میں پیش کیا جائے گا وزیر اعلیٰ نے کہا کہ عوامی منصوبے اور فلاح و بہبود صوبائی ترجیحات میں سرفہرست ہیں صوبائی حکومت صوبے کے تمام اضلاع کی یکساں ترقی پر یقین رکھتی ہے، اور ہمارا مقصد ایسے صوبائی ترقیاتی منصوبے پیش کرنا ہے جو صوبے کے عوام کے لیے حقیقی معنوں میں فائدہ مند ہوں مزید وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں کی آمد پر پوری قوم بالخصوص اہل بلوچستان کو دلی مبارکباد پیش کی ہے اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ رمضان صبر، تقویٰ، ایثار اور بھائی چارے کا مہینہ ہے، جو ہمیں خود احتسابی اور دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنے کا درس دیتا ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان حکومت عوام کو ہر ممکن سہولت فراہم کرنے کے لیے پرعزم ہے، اور اس مقدس مہینے میں اشیائے خورد و نوش کی فراہمی، قیمتوں کی نگرانی اور عوامی فلاح و بہبود کے اقدامات کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے مخیر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ضرورت مندوں کی مدد کے لیے آگے بڑھیں تاکہ رمضان کی رحمتیں سب کے لیے یکساں طور پر میسر آسکیں میر سرفراز بگٹی نے اس موقع پر دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس بابرکت مہینے کے طفیل ہمیں امن، ترقی اور بھائی چارے کی راہوں پر گامزن رکھے اور بلوچستان کو خوشحالی و استحکام عطا فرمائے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی وفاقی پی ایس ڈی پی 2025/26 کے مجوزہ صوبائی ترقیاتی منصوبوں سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

# Balochistan Times

92 MEDIA GROUP

Founded by Syed Faseih Iqbal in 1976

balochistantimes.pk @balochistantimes.pk BTimes_pk

Regd No. B.C.6 VOL XLV No. 1025 QUETTA Sunday March 02, 2025 /Ramadan 01, 1446 Rs: 3

# CM appeals to philanthropists to help needy in Ramazan

## Bugti vows prioritising backward districts in PSDP



# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 02 MAR 2025 Page No. 10


## کوئٹہ انتظامیہ کی زیر نگرانی پرائس کنٹرول کمیٹی کی کارروائیاں

### چلتن، سمنگلی، سریاب روڈ، نواں کلی، دیگر علاقوں میں گرانفروشوں کو آڑے ہاتھوں لیا

کوئٹہ (خ ن) ضلعی انتظامیہ کی زیر نگرانی کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں پرائس کنٹرول کمیٹی کے تحت گرانفروشوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں اس سلسلے میں ضلعی انتظامیہ کی اسسٹنٹ کمشنر (سریاب) ماریہ شمعون، اسسٹنٹ کمشنر (چلتن) نعمت اللہ ترین، ایڈیشنل مجسٹریٹ احتشام الدین کاکڑ، ایڈیشنل مجسٹریٹ حبیب سردار اور ایڈیشنل مجسٹریٹ سیف اللہ کاکڑ پر مشتمل مختلف ٹیموں نے چلتن، سمنگلی، سریاب روڈ، جوائنٹ روڈ، نواں کلی، ........ بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر

کاسی روڈ، طوغی روڈ، عالموں چوک، دیگر علاقوں میں دودھ فروشوں، قصائیوں اور تندوروں کے خلاف کارروائیاں کی ضلعی انتظامیہ نے اس دوران 120 دکانوں کا دورہ کیا جن میں سے سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے پر 22 دکانوں کو سیل کیا گیا

JANG QUETTA

## پریس کلب داخل ہونے پر کوئی اہلکار ملوث پایا گیا تو کارروائی ہوگی، ترجمان محکمہ پولیس

کوئٹہ (خ ن) ترجمان محکمہ پولیس نے بیان میں گزشتہ روز کوئٹہ پولیس کے پریس کلب میں داخل ہونے کی خبر کی وضاحت کرتے ہوئے کہا ہے کہ درحقیقت کچھ افراد سردار بہادر خان یونیورسٹی کے ملازمین کی بھرتی کے احکامات میں تاخیر پر احتجاج کر رہے تھے۔ انہوں نے 27 اور 28 فروری کو بلوچستان اسمبلی کے سامنے سڑک بلاک کی، جس سے شہر میں ٹریفک اور امن و امان کا مسئلہ پیدا ہوا۔ آج وہ دوبارہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کے قریب جمع ہو رہے تھے اور سڑک بلاک کرنے کا ارادہ رکھتے تھے۔ شہر میں دفعہ 144 نافذ ہے، اس لئے انہیں منتشر ہونے کا حکم دیا گیا، تاہم وہ مزاحمت پر اتر آئے اور کچھ افراد پریس کلب میں داخل ہو کر اشتعال انگیزی کرنے لگے۔ متعلقہ پولیس افسر انہیں سمجھانے گیا، مگر پولیس کا مقصد آزادی صحافت کو نقصان پہنچانا نہیں تھا۔ پولیس اس معاملے کی انکوائری کر رہی ہے اور اگر کوئی اہلکار قصوروار پایا گیا تو اس کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ کوئٹہ پولیس آزادی صحافت اور پریس کلب کی حرمت پر یقین رکھتی ہے۔

Century Express Quetta

## سرکاری اداروں کی انتظامیہ اور بورڈ ممبران کو اثاثے ظاہر کرنے کی ہدایت

### حکومت نے یہ ہدایات سرکاری اداروں میں عدم شفافیت اور کمزور احتسابی نظام کی موجودگی سامنے آنے پر جاری کی ہے

### بورڈز ممبران اور انتظامیہ کے مالی معاملات میں خامیاں پائی گئیں، اکثریت نے اپنے اثاثے ظاہر نہیں کیے ہیں، سنٹرل مانیٹرنگ یونٹ

اسلام آباد (رپورٹ: شہباز رانا) حکومت نے تمام سرکاری اداروں کی انتظامیہ اور بورڈز کو اپنے اثاثے اور فائدہ مند سرمایہ کاری ظاہر کرنے کی ہدایت جاری کردی، حکومت نے یہ ہدایات سرکاری اداروں میں عدم شفافیت اور کمزور احتسابی نظام کی موجودگی سامنے آنے پر (باقی صفحہ 5 نمبر 24)

جاری کی ہے، سرکاری اداروں میں موثر احتساب کیلیے قائم کردہ سینٹرل مانیٹرنگ یونٹ کی رپورٹ کے مطابق بورڈز اور انتظامیہ کے مالی معاملات میں سنگین خامیاں پائی گئی ہیں جبکہ انتظامیہ اور بورڈز کے ڈائریکٹرز کی اکثریت نے ایکٹ آف پارلیمنٹ کی خلاف ورزی کرتے ہوئے اپنے اثاثے ظاہر نہیں کیے ہیں، ذرائع کا کہنا ہے کہ کسی بھی ادارے کی انتظامیہ اور بورڈ ممبران نے اپنے اثاثے ظاہر نہیں کیے ہیں، جس کے بعد وزارت خزانہ نے لائن منسٹریز کے ذریعے نئی ہدایات جاری کی ہیں، واضح رہے کہ وزارت خزانہ نے تمام بورڈز کو SOEs ایکٹ کے سیکشن 30(1) کو لاگو کرنے کی ہدایت کی ہے لیکن اس نے ابھی تک اپنے کچھ ملازمین پر اسے نافذ نہیں کیا ہے، قانون میں کہا گیا ہے کہ "سرکاری ملکیت والے ادارے کے ڈائریکٹرز اور سینئر مینجمنٹ افسران اپنے اثاثے، منافع کے حصول کیلیے کی گئی سرمایہ کاری اور جائیدادوں کی تفصیلات بورڈ کو سالانہ بنیادوں پر جمع کرائیں گے، اور اس میں ہونے والی کسی بھی تبدیلی کی اطلاع بورڈ کو اس تبدیلی کے دو ہفتوں کے اندر دینے کے پابند ہونگے، وزارت نے تمام بورڈز اور انتظامیہ سے کہا ہے کہ وہ قانون اور پالیسی کے نفاذ کی صورتحال کے بارے میں اپ ڈیٹ فراہم کریں۔ یاد رہے کہ قبل ازیں آئی ایم ایف پاکستان سے کہہ چکا ہے کہ وہ سرکاری ملازمین کی جانب سے ظاہر کی گئی معلومات کی تصدیق کرے اور ان افسران کے خلاف تحقیقات کو عمل میں لائے، جن کے اثاثے ان کے اعلان کردہ ذرائع آمدن سے زیادہ ہیں۔

INTEKHAB QUETTA

## مسجد کے مسائل فوری حل کیے جائیں گے، ایڈیشنل ڈی سی

### ضلعی انتظامیہ شہر میں درپیش تمام مسائل کو حل کرنے کیلیے کوشاں ہے، گفتگو

کوئٹہ (آئی این پی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوئٹہ محمد انور کاکڑ سے فیض محمد روڈ کے رہائشی تاجر اور فیض محمد روڈ پر واقع مسجد فیضان کی کمیٹی نے ملاقات کی۔ گزشتہ روز کھلی کچہری میں جمع ہونے والے درخواست پر عملدرآمد کرتے ہوئے دونوں فریقین کو طلب کیا گیا جن کے مابین مسجد بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

### فیضان سے منسلک کافی عرصے سے مسئلہ چل رہا تھا جس کی ضلعی انتظامیہ

کو باقاعدہ طور پر درخواست موصول ہوئی تھی جسکے تناظر میں ضلعی انتظامیہ نے کردار ادا کرتے ہوئے دونوں فریقین کو نوٹسز جاری کیے۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے فریقین سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ مسجد فیضان کے تمام مسائل حل کرنے کے لیے فوری اقدامات کریں گے ضلعی انتظامیہ شہر میں درپیش تمام مسائل کو حل کرنے کے لیے کوشاں ہے۔

## ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر تمام مسائل کو حل کیا جائے گا، آئی جی ایف سی ساؤتھ

### ایف سی بلوچستان ساؤتھ کی جانب سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جرگے سے خطاب

تربت (نمائندہ انتخاب) ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے زیر اہتمام خاران شہر میں جرگہ منعقد کیا گیا، جہاں آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) میجر جنرل بلال سرفراز خان نے علاقائی عمائدین، معززین اور تاجران سے ملاقات کی، جرگے میں کمشنر رخشان ڈویژن مجیب الرحمٰن قمبرانی، ڈپٹی کمشنر خاران منیر احمد سومرو اور ڈی پی او خاران خرم مہیسر بھی شریک ہوئے، جرگے کا مقصد عوام کے مسائل براہ راست سننا تھا، جبکہ ضلع خاران کے بنیادی مسائل، صحت اور تعلیمی سہولیات جیسے اہم معاملات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے یقین دہانی کرائی کہ ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر تمام مسائل کو فوری حل کیا جائے گا، مزید برآں، انہوں نے کہا کہ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی جانب سے فری میڈیکل کیمپس کا انعقاد کیا جا رہا ہے اور ضلعی انتظامیہ کے تعاون سے غیر فعال اسپتالوں اور اسکولوں کی بقیہ نمبر 1 صفحہ 5 پر

بحالی کے لیے بھرپور کوششیں کی جا رہی ہیں، جرگے کے شرکاء نے ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے امن و استحکام اور ترقیاتی کاموں میں تعاون کو سراہا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: میزان کوئٹہ

Bullet No. 6

Dated: 02 MAR 2025 Page No. 14

## لوکل گورنمنٹ کے نظام کو مضبوط بنانے کے اقدامات!

لوکل گورنمنٹ کے اداروں کی موجودگی اور ان کا فعال ہونا بلاشبہ معاشرے کی اہم ضرورت ہے۔ کیونکہ یہ بنیادی ادارے ہوتے ہیں جو عوام کے مسائل حل کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اس لیے ان کی فعالیت بہت ضروری ہے جو کہ اکثر بدقسمتی سے غیر فعال ہیں۔

وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ بلوچستان میں لوکل گورنمنٹ کے نظام کو مضبوط اور بااختیار بنانے کے لیے حکومت ٹھوس اقدامات کر رہی ہے تاکہ عوام کو بنیادی سہولیات کی بہتر فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔ ہم نے مقامی حکومتوں کے فنڈز میں 33 ارب روپے تک اضافہ کیا ہے تاکہ ترقیاتی منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا جا سکے۔ ہماری کوشش ہے کہ ترقیاتی بجٹ میں اضافے کے ساتھ ساتھ غیر ترقیاتی اخراجات پر بھی قابو پایا جائے تاکہ عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے زیادہ سے زیادہ شروع کیے جا سکیں۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے حکومت ایک منظم حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے۔ اس مقصد کے لیے بے نظیر بھٹو سکالرشپ پروگرام کا آغاز کیا گیا ہے جس کے تحت میرٹ پر آنے والے طلبہ کو تعلیمی موقع فراہم کیے جا رہے ہیں۔ بلوچستان میں تیرہ لاکھ کے لگ بھگ بچے سکول سے باہر ہیں بدقسمتی سے مختص دستیاب وسائل کا درست استعمال نہیں ہو پاتا۔ صوبے میں مقامی حکومت اور صوبائی حکومت کے درمیان ہم آہنگی کو فروغ دیا جا رہا ہے۔ ماضی میں لوکل گورنمنٹ کو نہ صرف بلوچستان بلکہ پورے ملک میں نظر انداز کیا گیا۔ ہماری حکومت اس نظام کو فعال اور خودمختار بنانے کے لیے پرعزم ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ صوبے میں لوکل گورنمنٹ کے نظام کو مضبوط اور بااختیار بنانے کیلئے حکومت کی جانب سے ٹھوس اقدامات کرنا قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ ایسا ہونا بہت ہی ضروری ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی مقامی حکومتوں کو بااختیار اور مضبوط بنانے کے لیے کوشاں ہیں۔

CamScanner